سوال

(167) طواف افاضہ کے لئے مانع حیض دوائی استعمال کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طواف افاضہ کے لئے حائضہ مانع حائض دوائی استعمال کر سکتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طواف افاضہ حج کے ارکان میں سے ایک رکن ہے جس کے بغیرحج مکمل نہیں ہوتا۔ لہٰذا خاص طور پر اس صورت میں جبکہ غیر ملک سے آئی ہوئی عورت کے پاس وہاں قیام کا وقت بھی نہ ہویعنی واپس جانے میں جلدی ہو تو مانع حیض دوائی استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں وہ دوائی استعمال کر کے حج جاری رکھ سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص154

محدث فتویٰ